PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1267 https://www.facebook.com/pakpgov

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

Notice No. 772

Department:- Higher Education, Archives & Libraries

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 772

منجانب:۔ جناب احمد کنڈی، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ اعلیٰ تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ صوبائی حکومت نے گورنمنٹ ڈگری کالجز میں لیکچررز کی کمی کو پورا کرنے کیلئے صوبائی کابینہ سے مخصوص فنڈز منظور کر کے نومبر 2025 میں 2 ہزار فلیکسیبل ہائیرڈ میل و فیمیل لیکچررز کی بھرتی کی، یہ لیکچررز اس وقت صوبے کے 330 مختلف کالجز میں BS اور AD پروگرامز کے طلباء و طالبات کو تدریسی خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ تاہم ان کی تعیناتی ایک ایسی پالیسی کے تحت کی گئی ہے جس میں مدت ملازمت، تنخواہوں اور سروس سٹرکچر کے حوالے سے واضح ابہام پایا جاتا ہے۔ لہٰذا صوبائی حکومت ان فلیکسیبل لیکچررز کو ایڈہاک بنیادوں پر تبدیل کرنے کے حوالے سے فوری طور پر سنجیدہ اقدامات اٹھائیں تاکہ ان ہزاروں لیکچررز کو واضح سروس سٹرکچر اور ملازمت کا تحفظ فراہم کیا جا سکے تاکہ مستقبل میں قوم کے یہ معمار یکسوئی کے ساتھ اپنے فرائض منصبی سرانجام دے سکیں۔